ZERO TOLERANCE TO CORRUPTION

**OFFICE OF THE SUPERINTENDENT**
**DISTRICT JAIL HANGU**

Phone No: 0925-620410 E-Mail: djhangu@gmail.com

## ری ٹینڈر نوٹس برائے کچا راشن اور متفرق اشیاء وایمرجنسی ادویات

زیر دستخطی کو ڈسٹرکٹ جیل ہنگو کے لئے برائے مالی سال 27-2026 خوردنی اشیاء (کچا راشن)، پانی برائے پینے اور دیگر استعمال و دیگر متفرق اشیاء اور ایمرجنسی ادویات کی سپلائی کے لئے جن کی مالیت اندازے کے مطابق تقریباً تین کروڑ روپے-Rs.30,000,000 بنتی ہے کے لئے خواہشمند حضرات/ٹھیکیداران جو کہ محکمہ سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کے ساتھ ساتھ خیبر پختونخواہ ریگولیٹری اتھارٹی (K P P R A) کی ویب سائیٹ https://kp.eprocure.gov.pk پر رجسٹرڈ ہو چکے ہو سے بذریعہ E-Procurement ٹینڈر مطلوب ہے۔ٹینڈر بذریعہ EPADS مورخہ 07-09-2026 بوقت 10:00:AM دن تک آنلائن جمع کیا جا سکتا ہے اور اسی روز بوقت 11:00 AM بجے دن ٹینڈر نمائیندگان اور کمیٹی ممبران کے روبرو آنلائن کھولا جائیگا۔

## شرائط:

**(1)**۔اوپر دی گئی مالیت ایک اندازے کے مطابق ہے جس میں مجاز اتھارٹی کیپرا رولز کے مطابق کمی بیشی کر سکتی ہے۔

**(2)**۔تمام خواہشمند ٹھیکیداران کیلئے لازم ہے کہ وہ خیبر پختونخواہ ریگولیٹری اتھارٹی (KPPRA) کی ویب سائیٹ https://kp.eprocure.gov.pk پر خود کو رجسٹرڈ کروائے کیونکہ موجوزہ ٹینڈر فارم بمعہ فہرست درکار اشیا اور دیگر ضروری دستاویزات مزکورہ ویب سایٹ پر دیکھی جا سکتی ہے۔اور وہاں سے ڈاون لوڈ بھی کی جا سکتی ہے ڈاون لوڈ کرنے کے بعد متعلقہ دستاویزات صاف لکھائی میں پُر کر کے EPADS پر اپلوڈ کرنے ہوگے۔موجوزہ ٹینڈر نوٹس کی اشاعت کی کاپی کیپرا کی ویب سائٹ https://www.kppra.gov.pk/ اور خیبر پختونخوان جیل خانہ جات کی آفیشل ویب سائیٹ https://prisons.kp.gov.pk/ سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔

**(3)** ۔ای ٹینڈر نگ میں حصہ لینے والے تمام ٹھیکیداران کو ٹینڈر کی مالیت کا 2% فیصد زرشمولیت جو کسی منظور شدہ بینک سے جاری کردہ ہو بصورت کال ڈیپازٹ بنام سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل ہنگو EPADS پر اپلوڈ کرنا ہوگی اور اصل زرشمولیت ٹینڈر کھولنے سے پہلے دفتر زیر دستخطی میں لازمی جمع کروانا ہوگی۔جو کہ ٹینڈر کھولنے کے وقت پر چیئر کمیٹی کے سامنے پیش کی جائے گی۔CDR اپلوڈ نہ کرنے یا اصل CDR دفتر میں بروقت پیش نہ کرنے کی صورت میں ٹینڈر فارم مسترد کیا جائے گا۔ٹھیکیدار کو تمام متعلقہ دستاویزات کے ساتھ بینک اسٹیٹمنٹ سرٹیفیکیٹ بھی جمع کرنا ہوگا۔

**(4)** متعلقہ ٹھیکیدار/فرم کو حکومت پاکستان کی طرف سے عائد شدہ تمام ٹیکسز بشمول انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، سٹیمپ ڈیوٹی یا کسی بھی قسم کے دیگر ٹیکس جو حکومت پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً نافذ العمل ہوں وغیرہ مروجہ پالیسی کے مطابق ادا کرنے ہونگے۔

**(5)** بروقت سپلائی نہ کرنے یا غیر معیاری اشیاء کے سپلائی کی صورت میں مجوزہ اشیاء بازار سے مارکیٹ نرخ پر خریدے جائینگے اور نرخ میں فرق کی صورت میں اضافی رقم ٹھیکدار کے بل یا سیکورٹی سے منہا کیا جائیگا۔

**(6)** سپلائی میں ناکامی، غیر معیاری اشیاء کی سپلائی یا قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیدار/فرم کے خلاف قانونی کاروائی کی جائیگی۔اور ٹھیکدار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔

**(7)** مقرر کردہ کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی فرم/ٹھیکیدار کے ٹینڈر کو جزوی یا کلی طور پر معقول وجہ بتا کر مسترد کرے۔

**(8)** ٹینڈر کی حتمی منظوری جناب ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات ساؤتھ ریجن ڈی آئی خان دینگے۔

**(9)** تمام اشیاء ڈسٹرکٹ جیل ہنگو کے مین گیٹ تک لانا لازمی ہوگی۔

**(10)** تمام جمع شدہ کال ڈیپازٹ تصدیق کے لئے متعلقہ بینک کو ارسال کئے جائنگے اور بغیر تصدیق کے کوئی بھی کال ڈیپازٹ واپس نہیں کیا جائے گا۔اور اگر دوران تصدیق کوئی کال ڈیپازٹ جعلی قرار پایا گیا تو متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف بینک رولز اور حکومت پاکستان کے مروجہ قانون کے مطابق محکمانہ کاروائی کا اختیار حاصل ہوگا۔

**(11)** تمام دلچسپی رکھنے والے والے ٹھیکیداروں کو خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی کیطرف سے سرٹیفیکیٹ انڈر سیکشن 15 آف KPFS&HFA Act 2014 کے تحت کمیٹی کے سامنے پیش کرنا ہوگا ورنہ اس کا ٹینڈر None Responsive تصور کیا جائےگا۔

**(12)**۔ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیدار/فرم کے ساتھ معاہدہ کیا جائے گا اور ٹھیکہ مالیت کے 05% کے مساوی Performance Guarantee بصورت بینک گارنٹی بنام سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل ہنگو لازمی جمع کروانا ہوگا۔

المشتہر

سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل ہنگو